DAY—— 19 SEAT NUMBER | | | | | | |

2025 | III | 07 | 1500 | J-424 | (U)

GEOGRAPHY (39)

Time : 3 Hrs. (8 Pages) Max. Marks : 80

ہدایات :- (۱) تمام سوالات لازمی ہیں۔
(۲) جہاں ضروری ہو صاف ستھری شکلیں، تراسیم اور خاکے بنائیے۔
(۳) رنگین پینسل کے استعمال کرنے کی اجازت ہے۔
(۴) جہاں ضروری ہو نقشے کے اسٹینسل استعمال کیجئے۔
(۵) بائیں جانب کے اعداد سوال کے کُل نمبرات کو ظاہر کرتے ہیں۔
(۶) نقشے کو جوابی پرچے کے بالکل آخر میں جوڑیئے۔
(۷) ہر سوال کا جواب نئے صفحہ سے شروع کریں۔

سوال نمبر ۱ :- ہدایات کے مطابق ذیلی سوالات کے جوابات لکھئے۔ **[20]**

(الف) جدول میں دئے گئے عوامل کی سلسلہ وار جوڑیاں لگا کر زنجیر مکمل کیجئے اور دوبارہ لکھئے۔ (5)

	الف	ب	ج
(۱)	امیزان دریا کی وادی	(۱) تعمیری عمل	(۱) ٹاٹا لوہا فولاد کی صنعت
(۲)	تنگ (Constrictive) اہرام	(۲) تجارتی مویشی پالن	(۲) کم گنجان آبادی
(۳)	صنعتی علاقہ	(۳) انفرادی	(۳) کم پیدائش اور سب سے کم اموات کی شرح
(۴)	پمپاس گھاس کا میدان	(۴) خط استوائی گھنے جنگلات	(۴) جنوبی امریکہ
(۵)	غیر سرکاری (Private)	(۵) بزرگ آبادی زیادہ	(۵) روزگار کی دستیابی

(ب) درج ذیل سے صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے۔ (5)

(۱) یو ایس اے کے ایپلاشین پہاڑی علاقے میں گنجان آبادی ہے کیونکہ .....

(الف) غیر مساوی قدرتی حالت

(ب) غیر رسائی والا پہاڑی علاقہ

(ج) لوہے اور کوئلے کے کان کنی میں ترقی

(د) جنگی حالات

(۲) ماہی گیری کے لئے مثالی مقام .....

(الف) کٹا پھٹا ساحل، اتھلا سمندر، گرم آب و ہوا، پلانکٹن کی افزائش۔

(ب) براعظمی تختے، پلانکٹن کی افزائش، ماہی گیری کی اعلیٰ قابلیت، سرد آب و ہوا۔

(ج) اتھلے سمندر، گرم اور سرد رؤں کا ملاپ، پلانکٹن کی افزائش، سرد آب و ہوا۔

(د) براعظمی تختے، کٹا پھٹا ساحل، پلانکٹن کی افزائش، سرد آب و ہوا۔

(۳) یو ایس اے کے شمال مشرقی علاقے میں صنعتی علاقے پائے جاتے ہیں۔

(الف) گنجان آبادی۔ (ب) سرمایہ کی دستیابی۔

(ج) خام لوہا اور کوئلے کے ذخائر۔ (د) نقل و حمل کی مرکوزیت۔

(۴) بھارت کے شمالی میدانی علاقے کے ذیلی علاقے (Subregion) کا انتخاب کیجئے۔

(الف) دریائے نیل کا میدان۔ (ب) گنگا جمنا کا میدان۔

(ج) مسی سپی کی وادی۔ (د) امیزان کی وادی۔

(۵) علاقائی ترقی پر اثر انداز ہونے والا ایک اہم قدرتی عامل۔

(الف) قدرتی وسائل (ب) جنسی تناسب

(ج) اسکول رجسٹر تناسب (د) روزگار

(ج) درج ذیل میں دئے گئے بیانات میں سے بیان اور وجہ کے صحیح باہمی تعلق کو پہچانئے۔ (5)

A بیان R وجہ

(۱) A : خط استوائی سدابہار جنگلات میں سخت لکڑی کے درخت پائے جاتے ہیں۔

R : خط استوائی علاقوں میں لکڑی کٹائی میں تجارتی لحاظ سے ترقی نہیں ہوئی ہے۔

(الف) صرف A صحیح ہے۔

(ب) صرف R صحیح ہے۔

(ج) A اور R دونوں صحیح ہیں اور R، A کی صحیح وضاحت ہے۔

(د) A اور R دونوں صحیح ہیں لیکن R، A کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(۲) A : بھارت کے کچھ علاقوں میں صنعتوں کا ارتکاز ہوا ہے۔

R : بھارت ایک زراعتی ملک ہے۔

(الف) صرف A صحیح ہے۔

(ب) صرف R صحیح ہے۔

(ج) A اور R دونوں صحیح ہیں اور R، A کی صحیح وضاحت ہے۔

(د) A اور R دونوں صحیح ہیں لیکن R، A کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(۳) A : ثلاثی ہیئتوں میں ابتدائی معاشی سرگرمیوں کی طرح کوئی چیز فطرت/ قدرت سے حاصل نہیں کی جاتی۔

R : اس میں صرف خدمات مہیا کی جاتی ہیں اس لئے اسے خدمت شعبہ کہا جاتا ہے۔

(الف) صرف A صحیح ہے۔

(ب) صرف R صحیح ہے۔

(ج) A اور R دونوں صحیح ہیں اور R، A کی صحیح وضاحت ہے۔

(د) A اور R دونوں صحیح ہیں لیکن R، A کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(۴) A : ہرایک رواجی علاقے واضح سرحدیں رکھتے ہیں جوان کی شناخت میں معاون و مددگار ہوتی ہے۔

R : یہ علاقے معاشی سرگرمیوں کی وجہ سے ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔

(الف) صرف A صحیح ہے۔

(ب) صرف R صحیح ہے۔

(ج) A اور R دونوں صحیح ہیں اور R، A کی صحیح وضاحت ہے۔

(د) A اور R دونوں صحیح ہیں لیکن R، A کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(۵) A : قدرتی اور انسانی عوامل ہمیشہ ایک جیسے نہیں رہتے۔ وقت کے ساتھ ان میں ہمیشہ تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں۔

R : زمین پر ہمیشہ تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں۔ اس کے قدرتی اور تہذیبی ماحول میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

(الف) صرف A صحیح ہے۔

(ب) صرف R صحیح ہے۔

(ج) A اور R دونوں صحیح ہیں اور R، A کی صحیح وضاحت ہے۔

(د) A اور R دونوں صحیح ہیں لیکن R، A کی صحیح وضاحت نہیں ہے۔

(د) غلط عامل یا گروہ پہچانئے۔ (5)

(ا) معدنیات کے ذخیروں کی وجہ سے گھنی آبادی کے علاقے پائے جاتے ہیں۔

(الف) آسٹریلیا کے ریگستان میں دریافت ہونے والی سونے کی کھان۔

(ب) جنوبی مغربی ایشیاء کے معدنی تیل پیدا کرنے والے علاقے۔

(ج) بھارت میں چھوٹا ناگپور کی سطح مرتفع۔

(د) شمالی امریکہ میں پریری گھاس کے میدان کا علاقہ۔

(۲) ابتدائی پیشے قدرتی وسائل پر منحصر ہوتے ہیں۔

(الف) زراعت (ب) شکار

(ج) موٹر گاڑیوں کی صنعت (د) لکڑی کاٹنا

(۳) آزاد مقام صنعتیں (Footloose Industries)

(الف) سیمنٹ کی صنعتیں

(ب) گھڑی سازی کی صنعتیں

(ج) ہیرا تراشی کی صنعتیں

(د) بالوں میں لگانے والے کانٹے بنانے کی صنعتیں
(Hairpin making industries)

(۴) براعظم انٹارکٹکا میں مستقل انسانی بستیاں نہیں پائی جاتی ہیں۔

(الف) انتہائی سرد آب و ہوا (ب) زرخیز مٹّی

(ج) منجمد زمین (د) طویل موسمِ سرما

(۵) طبعی جغرافیہ میں مطالعہ کئے جانے والے عوامل۔

(الف) آب و ہوا کے عوامل (ب) طبعی ساخت

(ج) جھیل (د) نقل و حمل

سوال نمبر ۲ :- جغرافیائی وجوہات لکھئے۔ (کوئی چار) **[12]**

(۱) خواندگی کی شرح کسی بھی ملک کی معاشی اور سماجی ترقی کی علامت ہے۔

(۲) بھارت میں کاشتکاری بڑے پیمانے پر کی جاتی ہے۔

(۳) صنعتوں کی تقسیم غیر مساوی ہے۔

(۴) مرکزی آسٹریلیا میں صنعتوں کی ترقی نہیں ہو پائی ہے۔

(۵) علاقائی ترقی میں ناخواندگی اور غریبی جیسے عوامل اثر انداز ہوتے ہیں۔

(۶) علم جغرافیہ کی فطرت الھیاتی نوعیت کی ہے۔

سوال نمبر۳ :- فرق لکھئے۔ (کوئی تین) **[9]**

(۱) زمین کا استعمال (Land use) اور احاطہ زمین (Land cover)

(۲) عوامی صنعتوں کا شعبہ اور نجی صنعتوں کا شعبہ۔
(۳) قدرتی علاقے اور سیاسی علاقے۔
(۴) علاقائی ترقی اور علاقائی غیر توازن۔
(۵) نظریہ امکانات (Possibilism) اور نظریہ جبریت (Determinism)

سوال نمبر۴ :- (الف) دنیا کے نقشے کے خاکے میں درج ذیل کی نشاندہی کیجئے اور مناسب اشاریہ بنائیے۔ (6) **[11]**
(کوئی چھ)

(۱) جنوبی امریکہ کا انتہائی کم گنجان آباد علاقہ۔
(۲) آبادیاتی عبور نظریہ کے دوسرے مرحلے میں شامل براعظم افریقہ کا ایک ملک۔
(۳) مہاراشٹر کا ایک اہم انتظامیہ شہر۔
(۴) آسٹریلیا میں مویشی پالنے والا علاقہ۔
(۵) ماہی گیری میں ایشیاء کا سب سے اہم ملک۔
(۶) کیپ آف گڈ ہوپ آبی راستہ۔
(۷) دریائے نیل کی وادی۔
(۸) سائبیریا کی سطح مرتفع۔

(ب) درج ذیل ترسیم کا مطالعہ کر کے نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔ (5)



سوالات :

(۱) درج بالا ترسیم کیا ظاہر کرتی ہے؟

(۲) کس دہائی میں کاشتکاروں کا فیصد سب سے زیادہ ہے؟

(۳) کس دہائی میں زرعی مزدوروں کا فیصد سب سے کم ہے؟

(۴) دی گئی ترسیم میں تمام دہائیوں میں کس عامل کا فیصد سب سے زیادہ ہے؟

(۵) 1971ء کے مطابق کاشتکار اور زرعی مزدوروں کا فیصد کیا ہے؟

سوال نمبر۵ :- مختصر نوٹ لکھئے۔ (کوئی تین) **[12]**

(۱) شرح پیدائش اور شرح اموات کے درمیان باہمی تعلق۔

(۲) مخلوط زمینی استعمال۔

(۳) شکار اور ماحولیاتی نظام کا زوال۔

(۴) صنعتوں میں نقل وحمل کا کردار۔

(۵) مواصلات کے ایک اہم ذرائع کے طور پر سیارچہ کی اہمیت۔

سوال نمبر۶:- (الف) درج ذیل پیراگراف کا مطالعہ کر کے دئے گئے سوالات کے جوابات دیجئے۔ (4) **[8]**

دنیا میں عرض البلدی لحاظ مویشی پالن کی تقسیم شمالی نصف کرّے میں 30°N تا 60°N شمال اور 30°S تا 55°S جنوبی عرض البلد کے درمیان نظر آتی ہے۔ مویشی پالن کے پیشے کو شمالی نصف کرّے میں خوب ترقی حاصل ہوئی ہے۔ آسٹریلیا اور شمالی وجنوبی امریکہ براعظموں میں موجود گھاس کے خطوں کی موجودگی نے اس پیشے کی تقسیم پر خاص اثر ڈالا ہے۔ لیکن جدید ٹیکنالوجی، بازار اور بڑی بڑی جاگیروں کی دستیابی کو بھی اس پیشے میں خاص دخل حاصل ہے۔ شمالی امریکہ جنوبی امریکہ اور آسٹریلیا میں اس پیشے کو تجارتی طور پر خوب ترقی حاصل ہوئی ہے۔ شمالی اور جنوبی امریکہ میں مویشی پالن کا پیشہ جدید

ٹیکنالوجی اور مشینوں کے ذریعے تجارتی پیمانے پر کیا جاتا ہے۔ استوائی خطے کی غیر صحت مند آب و ہوا، گھٹیا چارا ور گھنے جنگلات کی وجہ سے یہاں اس پیشے کو خاطر خواہ ترقی حاصل نہیں ہوسکی ہے۔

سوالات :

(۱) مویشی پالن کی عالمی تقسیم کس عرض البلد پر پائی جاتی ہے؟

(۲) کس نصف کرّے میں مویشی پالن میں خوب ترقی ہوئی ہے؟

(۳) آسٹریلیا، جنوبی اور شمالی امریکہ میں مویشی پالن پر کس عامل کا اثر ہوا ہے؟

(۴) دنیا کے کس براعظم میں مویشی پالن میں مشینوں کا خوب استعمال کیا جاتا ہے؟

(ب) نامزد خاکہ بنائیے۔ (کوئی دو) (4)

(۱) مستحکم اہرام (Stationary Pyramid)

(۲) دائروی بستیاں (Circular Settlement)

(۳) علم جغرافیہ کا دیگر مضامین سے تعلق۔

سوال نمبر ۷ :- درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا مفصل جواب لکھئے۔ (کوئی ایک) **[8]**

(۱) آبادی کی تقسیم پر اثر انداز ہونے والے انسانی عوامل بیان کیجئے۔

(۲) تجارت پر اثر انداز ہونے والے عوامل بیان کیجئے۔

◆◆◆